# خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
## دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

No.F.02/07/2020/S.I/pt.file-II/217 Dated:03.06.2020

## حکم نامہ

چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (ڈی ڈی ایم اے) اس امر کا اطمینان کر چکی ہے کہ خطہ قومی راجدھانی دہلی میں کووڈ-19 کی وبا پھیلنے کا اندیشہ ہے، جسے عالمی تنظیم صحت پہلے ہی عالمی وبا قرار دے چکی ہے، اور اسے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں پھیلنے سے روکنے کے لیے مؤثر اقدامات لینا ضروری سمجھتی ہے؛

نیز چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے صورت حال سے مناسب طور پر نپٹنے کی غرض سے تمام ضروری اقدامات لینے کے لیے متعلقہ اتھارٹیز کو وقتاً فوقتاً مختلف احکامات / ہدایات جاری کی ہیں؛

نیز چونکہ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے تحت مختلف اسپتالوں کے مردہ خانوں میں کووڈ پازیٹیو / مشتبہ افراد کی لاشوں کے انتظام کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے؛

لہٰذا اب، ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005 کی دفعہ 22 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکٹو کمیٹی، ڈی ڈی ایم اے کے چیئر پرسن کی حیثیت سے بذریعہٗ ہٰذا خطہ قومی راجدھانی دہلی میں واقع مختلف اسپتالوں کے مردہ خانوں میں کووڈ پازیٹیو / مشتبہ افراد کی لاشوں کے انتظام کو بہتر بنانے کے لیے مندرجہ ذیل ہدایات جاری کرتا ہے:

1. اسپتال میں کووڈ پازیٹیو / مشتبہ شخص کی موت کی صورت میں یا اس کے اسپتال میں مردہ حالت میں لائے جانے پر، اسپتال دو گھنٹے کے اندر اس کی لاش کو مردہ خانے میں بھیج دے گا۔
2. اگر موت کے 12 گھنٹے کے اندر، گھر والے / رشتے دار بذات خود مردہ خانے سے رابطہ کرتے ہیں تو اسپتال گھر والوں / رشتے داروں اور متعلقہ میونسپل ادارے کے مشورے سے اگلے 24 گھنٹوں کے اندر کریا کرم / تدفین کا انتظام کرے گا۔
3. اگر موت کے 12 گھنٹے کے اندر، گھر والے / رشتے دار بذات خود مردہ خانے سے رابطہ نہیں کرتے ہیں تو متعلقہ میونسپل ادارے کے مشورے سے کریا کرم / تدفین کی تاریخ، وقت اور مقام کی اطلاع مقامی ایس ایچ او کے توسط سے گھر والوں / رشتے داروں کو بھجوائی جائے گی تاکہ گھر والے / رشتے دار آخری رسومات میں شریک ہو سکیں۔ مقامی ایس ایچ او اسپتال سے پیغام ملنے کے 12 گھنٹوں کے اندر اس کی ترسیل کو یقینی بنائیں گے۔
4. اسپتال کو تاریخ اور وقت اس طرح مقرر کرنا لازمی ہے کہ گھر والوں / رشتے داروں کو کم از کم 24 گھنٹے پہلے اس کی اطلاع مل جائے۔

5. کووڈ پازیٹیو/مشتبہ افراد کی نامعلوم/لاوارث لاشوں کی صورت میں، موت کے 72 گھنٹوں کے اندر دہلی پولیس تمام قانونی کارروائیاں پوری کرے گی اور اگلے 24 گھنٹوں کے اندر پروٹوکول کے مطابق لاش کی آخری رسومات ادا کردے گی۔
6. اگر کووڈ پازیٹیو/مشتبہ افراد کا پتا دہلی سے باہر کا ہے تو میڈیکل ڈائرکٹر متعلقہ ریاست/مرکزی علاقے کے ریزیڈنٹ کمشنر کو نوٹس بھیجے گا جس کا جواب 48 گھنٹے میں دیا جاسکے۔ کوئی جواب موصول نہ ہونے کی صورت میں اسپتال اگلے 24 گھنٹوں میں اس کی آخری رسومات ادا کردے گا۔
7. اسپتال کے ڈائرکٹر/میڈیکل ڈائرکٹر اسپتال میں مرنے والے یا مرنے کے بعد اسپتال لائے گئے کووڈ پازیٹیو/مشتبہ افراد کی لاشوں کی آخری رسومات بروقت ادا کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔ متعلقہ میونسپل ادارہ ایسی لاشوں کے کریا کرم/تدفین کے تمام ضروری انتظامات کرے گا۔
8. متعلقہ مردہ خانے کا انچارج کووڈ پازیٹیو/مشتبہ افراد کی لاشوں کی آخری رسومات کے لیے میڈیکل ڈائرکٹر/ڈائرکٹر کو رپورٹ کرے گا۔

مزید یہ ہدایت دی جاتی ہے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور ان کے ہم منصب ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنر آف پولیس جن کے دائرۂ اختیار میں متعلقہ اسپتال/مردہ خانہ واقع ہے یہ امر یقینی بنائیں گے کہ تمام متعلقہ افراد مذکورہ بالا پروٹوکول/ہدایات کی تعمیل کریں اور متعلقہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے ذریعے خاطی عہدے دار/عہدے داروں کے خلاف ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005، تعزیرات ہند اور دیگر متعلقہ قوانین کی توضیعات کے تحت تعزیری کارروائی کی جائے گی۔

سیکرٹری (صحت اور خاندانی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی، محکمۂ صحت اور خاندانی بہبود کی تمام متعلقہ اتھارٹیز کو سختی سے تعمیل کے لیے مندرجہ بالا ہدایات سے آگاہ کرائیں گے۔

(وجے دیو)
چیف سیکرٹری، دہلی

نقل برائے تعمیل بخدمت:
1. چیئرپرسن، نئی دہلی میونسپل کمیٹی
2. کمشنر (جنوبی/شمالی/مشرقی دہلی میونسپل کارپوریشن)
3. سیکرٹری (صحت اور خاندانی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
4. سی ای او، دہلی کنٹونمنٹ بورڈ
5. خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
6. پولیس کے تمام ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنر، ضروری کارروائی کرنے اور مقامی ایس ایچ اوز کو سختی کے ساتھ تعمیل کی ہدایت دینے کے لیے۔

7. ڈائرکٹر، جنرل ہیلتھ سروسز، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
8. خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی اور بھارت سرکار کے اسپتالوں کے تمام ایم ایس رایم ڈی (متعلقہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کے توسط سے)
9. پرائیویٹ اسپتال، سیکرٹری (صحت اور خاندانی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے توسط سے۔

نقل برائے اطلاع بخدمت:

1. عزت مآب لیفٹننٹ گورنر، دہلی کے پرائیویٹ سیکرٹری
2. عزت مآب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے ایڈیشنل سیکرٹری
3. عزت مآب نائب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
4. عزت مآب وزیر صحت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
5. عزت مآب وزیر ریوینیو، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
6. عزت مآب وزیر محنت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
7. عزت مآب وزیر سماجی بہبود، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
8. عزت مآب وزیر غذا اور رسد، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
9. ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
10. کمشنر، دہلی پولیس
11. سیکرٹری (ریوینیو) نیز ڈویژنل کمشنر، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
12. ڈی ڈی ایم اے، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکٹیو کمیٹی کے ے تمام اراکین
13. سسٹم انالسٹ، آفس آف ڈویژنل کمشنر، دہلی، اس حکم نامے کو ویب سائٹ-ddma.delhigovt.nic.in–پر ڈالنے کے لیے۔
14. گارڈ فائل